1

B.A Part II Urdu(H) Paper 3rd
Dr. L.K.V.D. College Tajpur
Deptt of Urdu.
Dr. Shahnaj Ara.

سوال) جوش ملیح آبادی کی شاعری اور ان کی نظم نگاری

جواب) علامہ اقبال کے بعد اگر کوئی قابل توجہ ہے تو وہ جوش ملیح آبادی ہیں بیسویں صدی کے عظیم اردو شاعروں میں جنہوں نے اردو نظم کو مرتبہ کمال تک پہنچا دیا۔ ان کا پہلا مجموعہ کلام روح ادب شائع ہوا۔ جوش شاعر انقلاب کے خطاب سے مشہور ہیں۔

ان کی زیادہ تر نظمیں ان کے زمانے کے سیاسی انتشار کی آئینہ دار ہیں۔ ان کا انقلابی تصور بالکل نرالا ہے۔ انقلابی تحریکوں سے انہیں خاص دلچسپی ہے۔ جو انکی نظموں میں نمایاں ہے۔ ان نظمیں انسانی جوش و خروش سے بھری ہوئی ہے۔ مثلاً شکست زنداں کا خواب، بغاوت، ترانہ آزادی وطن ایسٹ انڈیا کمپنی کے فرزندان سے خطاب وغیرہ انقلابی نظمیں ہیں۔ ان کی شاعری کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی شاعری میں انگریزوں سے نفرت غیض و غضب بیباکی خودداری کے عناصر نظر آتے ہیں۔ انہوں نے دور غلامی دیکھی معصوم انسانوں کا قتل و خون کا نظارہ کیا۔ انکی شاعری ہندوستان کی تاریخ آزادی کی ترتیب میں مددگار ثابت ہوئی ہے۔

جوش کی دوسری حیثیت شاعر شباب کی ہے۔ وہ عشق مجازی کے شاعر ہیں۔ اپنی رومانی نظموں میں وہ ایک جذباتی رنگین مزاج اور حسن پرست نوجوان نظر آتے ہیں

وہ بڑی مہارت سے زندہ نقش و نگار تراشتے ہیں

اور اپنے تخیل جذبہ اور تجربے کا سادا حسن محفوظ رکھتے ہیں۔

وہ اس صدی کے سب سے بڑے رومانی شاعر ہیں اور شاعر شباب کا خطاب دیا گیا ہے۔ وہ فطرت کے بہت بڑے پرستار ہیں ورڈز ورتھ کی طرح انہوں نے فطرت کے زندہ اور تڑپتے ہوئے وجود کو محسوس کیا

وہ فطرت کے بہت ~~بڑے~~ پرستار ہیں کی آوازیں سکتے ہیں۔ اور اس کو بے نقاب کر سکتے ہیں۔ اپنی نظم "دی حیات مناظر" میں لکھتے ہیں۔

انکی نظموں میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ الفاظ دست ادب جوڑے کھڑے ہیں۔

وہ لفظوں کے ذریعہ تصویر کشی کرتے ہیں۔

Shahnaj Ara